# امیگریشن اور کسٹمز اور انفورسمنٹ

# (IMMIGRATION AND CUSTOMS AND ENFORCEMENT, ICE)

# کے ساتھ معاملات کرتے وقت اپنے حقوق کو جانیں

Cook کاؤنٹی میں رہنے والا ہر کوئی، بشمول بلا دستاویز افراد اور دیگر ایسے افراد جو امریکی شہری نہیں ہیں، اپنے ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر آئینی حقوق رکھتے ہیں۔ درج ذیل معلومات امیگریشن ایجنٹوں یا امیگریشن اور کسٹمز اور انفورسمنٹ (IMMIGRATION AND CUSTOMS AND ENFORCEMENT, ICE) کی اعانت کرنے کے لیے نامزد ایجنسیوں کے ساتھ معاملات کرتے وقت آپ کو اپنے حقوق سمجھنے میں مدد کرنے کے لیے تیار گئی ہیں۔

**اگر آپ گھر کے باہر ہیں اور آپ کا خیال ہے کہ آپ کو قریب ہی امیگریشن افسران نظر آتے ہیں تو:**

- اندر کسی محفوظ جگہ پر چلے جائیں۔
- اگر آپ امریکی شہری ہیں اور ایسا کرنے میں خود کو محفوظ محسوس کرتے ہیں، تو سرگرمی کو اپنے فون سے ریکارڈ کریں یا جو کچھ آپ دیکھتے ہیں اس کے بارے میں کوئی متعلقہ معلومات لکھیں—ہمیشہ محتاط رہیں کہ آپریشن میں مداخلت نہ کریں یا بصورت دیگر اس میں رکاوٹ نہ ڈالیں۔
- یہ کام نہ کریں:
    - غیر تصدیق شدہ معلومات سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنا۔
    - تفتیش میں مداخلت کرنا یا بصورت دیگر خود کو خطرے کی راہ میں ڈالنا۔

**اگر کوئی امیگریشن ایجنٹ آپ سے باز پرس کرتا ہے تو:**

- آپ کو چاہیے کہ چپ رہیں اور اپنے ہاتھوں کو اس جگہ رکھیں جہاں افسر یا ایجنٹ انہیں دیکھ سکے۔
- آپ کو خاموش رہنے کا حق ہے اور آپ سے کسی سوال کا جواب دینے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے۔ آپ کو امیگریشن ایجنٹ سے بتانا چاہیے کہ آپ خاموش رہنے کا انتخاب کرتے ہیں۔
- آپ کو اپنے ترک وطن یا شہریت کی حالت یا اپنے ملک پیدائش پر پولیس، امیگریشن ایجنٹوں، یا کسی دیگر عہدیدار سے گفتگو کرنا ضروری نہیں ہے۔ اگر سوال پوچھا جائے تو آپ کو خاموش رہنے کا اپنا حق بروئے کار لانا چاہیے۔
- اگر آپ کے پاس ترک وطن کی کوئی درست دستاویزی شہادت، جیسے مستقل رہائشی کارڈ، روزگار کا اجازت نامہ، وطن گیری کا سرٹیفکیٹ ہے تو، ان کا مطالبہ کیے جانے پر آپ اپنی دستاویزی شہادت کسی امیگریشن ایجنٹ کو دکھا سکتے ہیں۔
- اگر ایجنٹ کو یقین ہو کہ آپ اسلحہ لے جا رہے ہیں تو وہ آپ کی تلاشی لے سکتا ہے۔

**اگر امیگریشن یا دیگر وفاقی ایجنٹس آپ کے گھر آتے ہیں تو:**

- اگر امیگریشن یا دیگر وفاقی ایجنٹس آپ کے گھر آتے ہیں اور ان کے پاس جج کا دستخط شدہ وارنٹ نہ ہو تو اپنا دروازہ نہ کھولیں۔ اکثر دفعہ، ICE کے پاس صرف ایک انتظامی وارنٹ ہوتا ہے، جس پر جج کے نہیں بلکہ کسی ICE ایجنٹ کے دستخط ہوتے ہیں۔ آپ سے انتظامی وارنٹ کی بنیاد پر دروازہ کھولنے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے۔
- اگر آپ پریقین نہیں ہیں کہ آیا وہ شخص کوئی امیگریشن ایجنٹ ہے یا بصورت دیگر ICE کے ساتھ کام کر رہا ہے تو، آپ پوچھ سکتے ہیں کہ وہ کس ایجنسی کی نمائندگی کرتے ہیں اور صراحتی طور پر یہ پوچھ سکتے ہیں کہ آیا وہ امیگریشن ایجنٹ ہیں یا ICE کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

- اگر ایجنٹس بتاتے ہیں کہ ان کے پاس وارنٹ ہے تو، آپ کو چاہیے کہ انہیں اندر آنے دینے سے پہلے وارنٹ دکھانے کی گزارش کریں۔
- اگر وارنٹ عدالت سے جاری ہوا ہے اور اس پر جج کے دستخط ہیں تو، ایجنٹس آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے گھر میں داخل ہو سکتے ہیں۔ اگر دستاویز پر جج کے دستخط نہیں ہیں تو، آپ سے انہیں اندر آنے دینے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے۔ آپ یوں کہہ سکتے ہیں: "آپ کو داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔"

- اگر ایجنٹس زبردستی آپ کے گھر میں داخل ہوتے ہیں تو، مزاحمت نہ کریں۔ آپ ان سے یہ کہہ سکتے ہیں:"آپ کو داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔ میں تلاشی کی منظوری نہیں دیتا ہوں۔ میں خاموش رہنا چاہتا ہوں۔ میں جتنی جلدی ممکن ہو کسی اٹارنی سے بات کرنا چاہتا ہوں۔"

- آپ ایجنٹوں سے یہاں ان کے آنے کی وجہ پوچھ سکتے ہیں۔

- اگر وہ آپ کی زبان نہیں بولتے ہیں تو آپ کسی ترجمان کی گزارش کر سکتے ہیں۔

**اگر آپ کو گرفتار کیا جاتا ہے تو:**

- گرفتاری کی مزاحمت کرنے کی کوشش نہ کریں۔

- آپ اٹارنی سے بات کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

- آپ کسی ترجمان سے بات کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

- یاد رکھیں، آپ کو خاموش رہنے کا اپنا حق استعمال کرنا چاہیے اور کسی اٹارنی سے بات کرنے سے قبل کچھ کہنا یا کسی سوال کا جواب دینا ضروری نہیں ہے۔ ایجنٹ سے جھوٹ نہ بولیں۔

- آپ کو اپنے کیس کے بارے میں کوئی فیصلہ کرنے یا کسی دستاویز پر دستخط کرنے سے پہلے کسی امیگریشن اٹارنی سے مشورہ کرنے کا حق ہے۔ کوئی بھی آپ کو حتمی فیصلہ کرنے یا دستاویز پر دستخط کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا اگر آپ اسے پوری طرح نہیں سمجھتے ہیں۔

**اہم یاد دہانیاں**

- اپنا غیر ملکی رجسٹریشن نمبر (Alien Registration Number) ("A نمبر") اگر آپ کے پاس ہو تو اسے یاد کر لیں۔
- اگر آپ کے پاس ترک وطن کی دستاویزی شہادت ہے تو ترک وطن کے اپنے درست کاغذات ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔
- اپنے آبائی ملک کی دستاویزی شہادت، جیسے آپ کا غیر ملکی پاسپورٹ یا میٹریکولا قونصلر اپنے ساتھ لے کر نہ چلیں۔

- فرضی یا پرفریب دستاویزات ساتھ لے کر نہ چلیں اور کسی بھی امیگریش ایجنٹ کو غلط معلومات یا غلط یا پرفریب دستاویزات کبھی فراہم نہ کریں۔

## **Cook کاؤنٹی پبلک ڈیفنڈر کے دفتر کا امیگریشن ڈویژن**

Cook کاؤنٹی پبلک ڈیفنڈر کے دفتر کے امیگریشن ڈویژن کا مقصد غیر شہری کلائنٹس کا ملک بدری سے تحفظ کرنا ہے۔ یہ ڈویژن Cook کاؤنٹی کے سرکٹ کورٹ کے سامنے کلائنٹس کی نمائندگی کرنے میں معاون عوامی استغاثہ کے ساتھ کام کرتا ہے تاکہ Cook کاؤنٹی کے ان کیسز سے پیدا ہونے والے امیگریشن کے امکانی ناموافق نتائج کو متیقن کیا جائے اور متبادل تدابیر تجویز کی جائیں۔ ہمارے اٹارنی غیر شہریوں، بشمول موجودہ اور سابق عوامی استغاثہ کے کلائنٹس کی امیگریشن کورٹس کے سامنے نمائندگی کرتے ہیں۔

**اگر آپ یا کسی عزیز کو ICE نے حراست میں لیا ہے اور وہ Cook کاؤنٹی کا مکین ہے تو، پبلک ڈیفنڈر کے امیگریشن ڈویژن سے 312-603-0636 پر ہاٹ لائن کے اوقات: بدھ کو 9 تا 11 بجے صبح کے دوران رابطہ کریں یا pdimmigrationunit@cookcountyil.gov پر ای میل کریں۔**

امیگریشن ڈویژن کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ہمارے امیگریشن ڈویژن ریسورسز کا ویب صفحہ https://www.cookcountypublicdefender.org/resources/immigration-division پر ملاحظہ کریں۔

## **اضافی وسائل**

غیر Cook کاؤنٹی کے جن باشندوں کو Chicago کے ICE ڈسٹرکٹ میں حراست میں لیا گیا ہے اور جو قانونی نمائندگی طلب کر رہے ہیں وہ نیشنل امیگرنٹ جسٹس سنٹر (National Immigrant Justice Center) کے ڈیٹنشن پروجیکٹ کو 773-672-6599 پر منگل کو 11 بجے صبح سے 2 بجے دوپہر تک کال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو امیگریشن انفورسمنٹ کی سرگرمی نظر آتی ہے یا کسی ایسے شخص کی نشاندہی کرنے میں مدد درکار ہے جس کو حراست میں لیا گیا ہے تو، آپ آرگنائزڈ کمیونٹیز اگینسٹ ڈیپورٹیشن (Organized Communities Against Deportation, OCAD) کی ڈیپورٹیشن سپورٹ ہاٹ لائن کو 1-855-435-7693 پر کال کر سکتے ہیں۔ یہی نمبر الّینوائے کوآلیشن فار امیگرینٹ اینڈ ریفیوجی رائٹس (Illinois Coalition for Immigrant and Refugee Rights, ICIRR) کی فیملی سپورٹ ہاٹ لائن کا بھی ہے۔

امیگریشن ڈویژن کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ہمارے امیگریشن ڈویژن ریسورسز (Immigration Division Resources) کا ویب صفحہ https://www.cookcountypublicdefender.org/resources/immigration-division پر ملاحظہ کریں۔

تارکین وطن کے لیے Cook کاؤنٹی کے وسائل پر مزید معلومات کے لیے، Cook کاؤنٹی کے امیگریشن ریسورسز ( Cook County's Immigration Resources) کا ویب صفحہ https://www.cookcountyil.gov/immigration پر ملاحظہ کریں۔

## **Cook کاؤنٹی میں مقامی پولیس کے ذریعے گرفتار شدہ کسی کے لیے بھی مدد**

Cook کاؤنٹ پبلک ڈیفنڈر ایک اریسٹ ہاٹ لائن (Arrest Hotline) بھی روزانہ 24 گھنٹے، سال کے 365 دن چلاتا ہے۔ اگر آپ یا آپ کے کوئی واقف کار لاء انفورسمنٹ کی تحویل میںChicago میں یا Cook کاؤنٹی مین کسی دیگر شہر یا قصبے ہیں تو اریسٹ ہاٹ لائن کو 844-817-4448 پر کال کریں۔ Cook کاؤنٹ پبلک ڈیفنڈر کے آفس کا کوئی اٹارنی مفت میں آپ کی نمائندگی کرنے کے لیے تھانے میں آئے گا۔ اگر آپ کو مقامی پولیس گرفتار کرتی ہے تو، آپ کو خاموش رہنے کا حق ہے۔ آپ کو یوں کہنا چاہیے "میں بات نہیں کروں گا، میں اپنے وکیل سے ملنا چاہتا ہوں۔"